قرار دیا اور نہ ہی کیمرہ مین کو بلایا، صرف ضرورتِ تبلیغ کے لئے آپ اس منکر کو برداشت کرتے ہیں، ورنہ ائمۂ مُضلّین (گمراہ کرنے والوں) کے لئے یہ میدان خالی ہوگا، اور کوئی روک ٹوک کرنے والا مقابلے میں نہیں ہوگا۔

لہٰذا یہ دو صورتیں الگ الگ ہیں اور ان دونوں کا حکم بھی جدا جدا ہے، علماے کرام کی موجودگی میں، مَیں جسارت نہیں کر رہا تو میری رائے میں علماے کرام کو قرآن وحدیث کا محافظ بننا چاہئے اور جو اُمور ومسائل کتاب وسنت کی نصوص سے ثابت شدہ ہیں، اُنہیں اپنے اصل پر ہی باقی رکھنا چاہئے اور اس میں کسی قسم کی لچک کا اظہار نہیں ہونا چاہئے۔

اللہ ربّ العزت ہمیں توفیق دے کہ ہم دینِ اسلام کے محافظ بن کر اس کی آبیاری کا فریضہ سرانجام دیکیں۔ آمین یاربّ العالمین!


## معلومات داخلہ مدینہ یونیورسٹی

وہ حضرات جنھوں نے پچھلے پانچ سالوں میں میٹرک یا اسکے مساوی، یا F.A یا اس کے مساوی، یا کسی دینی مدرسے سے سند حاصل کی ہو اور ان کی عمر ۲۰۰۹ء تک ۲۵ سال سے زائد نہ ہو۔

**معلومات کے لیے رابطہ: محترم جناب پروفیسر ڈاکٹر رانا خالد مدنی**

(فاضل مدینہ یونیورسٹی، پی ایچ ڈی، سابق مترجم مواجہ شریفہ
مسجد نبوی مدینہ طیبہ، چیئر مین ادارہ اشاعت اسلامی لاہور)

**اَوقات رابطہ: صبح ۹ بجے تا ۱ بجے، شام ۵ بجے تا رات ۹ بجے**

فون: 5425947(042) موبائل: 0306-4476055 یا جوابی خط لکھیں

408 - گلشن بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن لاہور، پوسٹ کوڈ: 54570